# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

## پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے بلوچستان کے علاقوں خضدار اور کچلاک میں دھماکوں کی شدید مذمت

دھماکوں میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار۔ شہداء کی بلندی درجات اور اہل خانہ کے لئے صبر جمیل کی دعا

بلوچستان میں یکے بعد دیگرے دہشت گردی کے دو واقعات کا رونما ہونا صوبائی حکومت کی امن وامان کے قیام میں ناکامی کا واضح ثبوت ہے، ترجمان تحریک انصاف

ملک کے مختلف علاقوں بالخصوص بلوچستان میں دہشتگردی کے واقعات میں مسلسل ہونے والا اضافہ نہایت تشویشناک ہے، ترجمان تحریک انصاف

محسوس ہوتا ہے کہ ملک دشمن قوتوں کی راہ روکنا ریاستی مشینری اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ترجیحات میں شامل نہیں ہے، ترجمان تحریک انصاف

عوامی مینڈیٹ سے محروم جعلی حکمران ملک کا امن تہہ و بالا کرنے کے درپے شر پسند عناصر کے مؤثر تدارک میں مسلسل ناکام ہوتے دکھائی دے رہے ہیں، ترجمان تحریک انصاف

ریاست اپنی ترجیحات کا از سرِ نو تعین کرتے ہوئے لازوال قربانیوں کے بعد حاصل کئے گئے امن کا تحفّظ یقینی بنائے، ترجمان تحریک انصاف

دھماکوں میں جاں بحق ہونے والے شہداء کے اہلخانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا گو ہیں، ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ